ایس۔ ایس آئل ملز لمیٹڈ

اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنی کا سالانہ اجلاس عام بروز بدھ 27 اکتوبر 2021 کو 11 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر بمقام 2۔ ٹیپو بلاک نیو گارڈن ٹاؤن لاہور میں درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا۔

1۔ پچھلے سالانہ اجلاس عام کی کاروائی کی تصدیق۔

2۔ کمپنی کے 30 جون 2021 کو مختتمہ سال کیلئے آڈٹ شدہ اکاؤنٹس معہ ڈائریکٹران اور آڈیٹروں کی رپورٹس کی وصولی غور وخوص اور منظوری۔

3۔ ڈیویڈنڈ کی منظوری۔ 4۔ 30 جون 2022 کو ختم ہونے والے سال کیلئے آڈیٹران کا تقرر اور ان کے مشاہرے کا تعین۔ موجودہ آڈیٹران میسرز اسلم ملک اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس جو کہ ریٹائر ہو رہے ہیں دوبارہ انتخاب کیلئے اپنے آپ کو پیش کرتے ہیں۔

5 کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 159 کے تحت انتخاب کرنا۔ ڈائریکٹرز نے منتخب ڈائریکٹرز کی تعداد سات مقرر کی ہے۔ ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام درج ذیل ہیں۔

(i) مسٹر شہزاد علی خان (ii)۔ مسٹر شہریار علی خان (iii)۔ مسٹر سکندر علی خان (iv)۔ نوابزادی بیگم شمیم شفقت (v)۔ مسٹر جاوید عمر (vi)۔ مسٹر صفدر اقبال خان (vii)۔ نوابزادہ وجاہت علی خان

6۔ جناب چیئرپرسن کی اجازت سے دوسرے کاروباری معاملات زیر غور لانا۔

خصوصی کاروبار

7۔ 30 جون 2021 کو ختم ہوئے سال میں متعلقہ فریقوں سے کئے گئے لین دین کی توثیق ومنظوری بذریعہ خصوصی قرارداد (بغیر ترمیم اور ترمیم کیساتھ) پیش کرکے۔

طے پایا کہ کاروبار کے معمولات کے مطابق متعلقہ پارٹیز کے ساتھ کئے گئے لین دین کے عمل کی جو مالیاتی اسٹیٹمنٹ انفارمیشن زیر دفعہ (3)134 برائے سال مختتمہ 30 جون 2021 کے نوٹ نمبر 34 میں درج ہے، توثیق کی جاتی ہے اور منظوری دی جاتی ہے۔

8۔ 30 جون 2022 کو ختم ہونے والے مالی سال کئے جانے والے لین دین کے عمل کی منظوری کیلئے کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو بذریعہ اسپیشل ریزولوشن (ہمراہ ترمیم / بغیر ترمیم) اختیارات کی فراہمی۔

طے پایا کہ تجدید کردہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو 30 جون 2022 کو ختم ہونے والے مالی سال کیلئے کیس نوکیس کی بنیاد پر متعلقہ فریقوں کے ساتھ ہونے والے لین دین کی منظوری کا اختیار ہوگا۔

مزید طے پایا کہ بورڈ کے ذریعے یہ لین دین حصص یافتگان کے ذریعے منظور شدہ سمجھا جائے گا اور ان کی باضابطہ منظوری / توثیق کیلئے اگلے سال سالانہ اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کے سامنے رکھا جائے گا۔

مزید برآں طے پایا کہ جناب شہزاد علی خان، نوابزادہ وجاہت علی خان اور جناب سکندر علی خان کمپنی کے ڈائریکٹرز کے تحت تمام قانونی کاروائیوں کو انجام دینے، کسی بھی قسم کی قانونی کروائی کو مکمل کرنے اور تمام فائلوں کو داخل کرنے کیلئے خود اکیلے مجاز ہونگے جو مذکورہ قراردادوں کے نفاذ کیلئے ضروری یا اتفاقی ہو سکتے ہیں۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3)134 کے تحت آئندہ اجلاس عام میں زیر غور لائے جانے والے خصوصی امور کے ضمن میں ایک بیان اس نوٹس کے ساتھ منسلک ہے۔

بحکم بورڈ ساجد محمود خان (کمپنی سیکرٹری) لاہور 05 اکتوبر 2021

کرونا وائرس۔ سالانہ اجلاس عام کیلئے خصوصی منصوبہ بندی

COVID-19 کو صورتحال سے لاحق خطرے کے پیش نظر سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے کمپنیوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ عام اجلاسوں کیلئے اپنے معمول کی منصوبہ بندی میں ترمیم کریں تاکہ حصص یافتگان اور عوام کی فلاح وبہبود کو یقینی بنایا جاسکے بذریعہ سرکلر نمبر 5 آف 2020 بتاریخ 17 مارچ 2020، سرکلر نمبر 25 بتاریخ 31 اگست 2020، سرکلر نمبر 33 بتاریخ 05 نومبر 2020، سرکلر نمبر 4 بتاریخ 15 فروری 2021 اور سرکلر نمبر 6 بتاریخ 03 مارچ 2021۔ اسی مناسبت سے کمپنی کو ہم کی ضروریات کی تکمیل کو یقینی بناتے ہوئے وڈیو شیئرز کے ذریعے اے جی ایم میں شریک ہونے کی سہولت تمام شیئر ہولڈرز کو فراہم کریگی۔

وڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کا ارادہ رکھنے والے حصص یافتگان سے درخواست کی گئی ہے کہ مندرجہ ذیل معلومات کمپنی سیکرٹری (نیچے دیے گئے پتہ) اے جی ایم (25 اکتوبر 2021 صبح 11 بجے) ہونے سے 48 گھنٹے پہلے جلد از جلد شیئر کریں۔

ضروری معلومات

حصص یافتگان کا نام، CNIC نمبر، بٹوا لیو / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر، موبائل فون نمبر اور ای میل کا پتہ۔

حصص یافتگان سے گزارش ہے کہ فوری رابطہ کو یقینی بنانے کیلئے فعال موبائل نمبر اور ای میل ایڈریس فراہم کریں۔

رابطہ کے طریقے

مذکورہ بالا معلومات ذیل طریقوں سے فراہم کی جاسکی ہے۔

(ا)۔ موبائل / واٹس اپ 0333-4218546 (ب)۔ ای میل: Akhtar.ali@ssgroup.pk

وڈیو لنک کی تفصیلات اور لاگ ان معلومات (Zoom ایپلیکیشن) حصص یافتگان کے ساتھ شیئر کی جائیں گی جو 25 اکتوبر 2021 صبح 11 بجے تک یا اس سے پہلے مذکورہ بالا تمام تفصیلات اجلاس میں شرکت کیلئے فراہم کریں گے۔ حصص یافتگان کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ مذکورہ بالا رابطہ نمبر اور ای میل ایڈریس کے ذریعے اے جی ایم کے ایجنڈا کے آئٹمز کے بارے میں اپنے تاثرات اور سوالات کا اظہار کریں جنکو اجلاس میں زیر غور لایا جائے گا۔

نوٹ

1۔ کمپنی کے حصص منتقلی کی کتابیں 24 اکتوبر 2021 تا 30 اکتوبر 2021 (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔

2۔ ممبر جو اجلاس ہذا میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا استحقاق رکھتا ہو کسی دیگر ممبر کو اپنی جگہ اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کیلئے اپنا پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ پراکسیاں موثر کرنے کیلئے کمپنی کے اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل لازماً موصول ہونی چاہیں۔

3۔ ایسے ممبران جن کے حصص سی ڈی سی کے پاس جمع ہیں سے گذارش ہے کہ اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل شناختی کارڈ، سی ڈی سی کا اکاؤنٹ نمبر اور پارٹیسپنٹ آئی ڈی ہمراہ لائیں۔ اگر کوئی پراکسی مقرر کی ہے تو پراکسی فارم کیساتھ پراکسی کی شناختی کارڈ کی مصدقہ کاپی، سی ڈی سی کا اکاؤنٹ نمبر اور پارٹیسپنٹ آئی ڈی ساتھ منسلک کریں۔

4۔ حصص داران سے درخواست ہے کہ پتہ کی تبدیلی اگر کوئی ہے تو فوراً مطلع کریں۔

5۔ شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپی پراکسی کیساتھ منسلک ہونی چاہیئے۔

6۔ پراکسی کو چاہیئے کہ اجلاس میں حاضری کے وقت اپنا اصل شناختی کارڈ یا پاسپورٹ پیش کرے۔

7۔ کمپنی کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / مختار نامہ دستخطوں کے نمونے کیساتھ پیش کرنا لازمی ہے۔

8۔ کمپنی کے سالانہ حسابات کمپنی کی ویب سائٹ www.ssgroup.pk پر جاری کردیئے گئے ہیں۔ تاہم طلب کرنے پر کمپنی اپنے حصص داران کو انفرادی طور پر حسابات کی طبع شدہ سالانہ رپورٹ 2021 کی کاپی درخواست موصول ہونے پر اگلے رجسٹرڈ پتہ پر ایک ہفتے کے اندر بلا معاوضہ فراہم کرے گی۔

کمپنیز ایکٹ 2017 سیکشن (3)134 کے تحت حقائق

1۔ نوٹس کا آئٹم نمبر 7، متعلقہ فریق سے لین دین کی توثیق اور منظوری۔

تمام متعلقہ فریقین کے ساتھ کئے جانے والے لین دین کی منظوری بذریعہ بورڈ آف ڈائریکٹرز آڈٹ کمپنی کی تجاویز کی روشنی میں سرمایہ کی بنیاد پر ہوگی۔ کلاز نمبر 15 لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کورپوریٹ گورننس) ریگولیشن 2019 تاہم سال کے دوران چونکہ کمپنی کے اکثریت ڈائریکٹرز گروپ کمپنیوں میں مشترکہ ڈائریکٹرشپ کی وجہ سے کچھ معاملات میں دلچسپی رکھتے تھے لہذا یہ لین دین شیئر ہولڈرز سے منظوری کیلئے سالانہ اجلاس میں رکھا جارہا ہے۔ متعلقہ فریقوں کیساتھ ہونے والے لین دین کو نوٹ نمبر 33 مالیاتی اسٹیٹمنٹ برائے سال اختتام 30 جون 2021 میں ظاہر کیا گیا ہے۔ پارٹی wise لین دین کی معلومات درج ذیل ہیں۔

Name of Related Party	Transaction Type	PKR
S.S Feed Mills (Private) Limited	Sale of Goods	2,172,611,006

کمپنی عام طور پر کاروبار میں "متعلقہ فریقوں کے ساتھ لین دین" کے سلسلے میں منظور شدہ پالیسی کے مطابق اپنے متعلقہ فریقوں کے ساتھ بازوی لمبائی کی بنیاد پر لین دین کرتی ہے۔ متعلقہ فریقوں کے ساتھ ہونے والے تمام لین دین کمپنی کے بورڈ آف کمیٹی کی منظوری درکار ہوتی ہے۔ جسکی سربراہی کمپنی کا ایک آزاد ڈائریکٹر کرتا ہے اور بورڈ آڈٹ کمیٹی کی سفارش پر اس طرح کے لین دین بورڈ آف ڈائریکٹر کے سامنے منظوری کیلئے رکھے جاتے ہیں۔ لین دین میں Sale of Goods کے معاملات شامل ہیں (شیئر ہولڈرز اور بورڈ کی منظوری کے مطابق، جہاں درکار ہو)۔ متعلقہ فریقوں کے ساتھ تعلقات کی نوعیت نوٹ نمبر 34 مالیاتی اسٹیٹمنٹ برائے سال اختتام 30 جون 2022 میں ظاہر ہے۔ ڈائریکٹرز صرف قرارداد میں دلچسپی ایسی متعلقہ مارٹیوں میں اپنی مشترکہ ڈائریکٹرشپ میں وسعت کی حد تک لیتے ہیں۔

2۔ آئٹم نمبر 8، بورڈ آف ڈائریکٹرز کو 30 جون 2022 کو ختم ہونے والے سال کے دوران پارٹی سے لین دین کی منظوری کی اجازت۔

کمپنی عام طور پر کاروبار میں "متعلقہ فریقوں کے ساتھ لین دین" کے سلسلے میں منظور شدہ پالیسی کے مطابق 30 جون 2022 کو ختم ہونے والے سال کے دوران اپنے متعلقہ فریقوں کے ساتھ بازوی لمبائی کی بنیاد پر لین دین کرے گی۔ ڈائریکٹروں کی اکثریت ہولڈنگ / ایسوسی ایٹس کمپنیز میں مشترکہ ڈائریکٹرشپ ہونے کی وجہ سے ان لین دین میں دلچسپی رکھتے ہیں تاکہ کاروبار میں شفافیت کو فروغ ملے اور شیئر ہولڈرز کی خواہش اور اختیار کے مطابق بورڈ آڈائریکٹرز 30 جون 2022 کو ختم ہونے والے سال کیلئے ان متعلقہ پارٹیوں سے لین دین کریں جو کہ منجانب شیئر ہولڈرز منظور کی جائیں۔ پارٹی سے متعلق لین دین کی نوعیت اور گنجائش اوپر بیان کی گئی ہے۔ یہ لین دین کے معاملات شیئر ہولڈرز کے سامنے باضابطہ طور پر منظوری / توثیق کیلئے اگلی اے جی ایم میں رکھے جائیں گے۔ ڈائریکٹرز صرف قرارداد میں دلچسپی ایسی متعلقہ پارٹیوں میں اپنی مشترکہ ڈائریکٹرشپ میں وسعت کی حد تک لیتے ہیں۔

اجلاس میں شرکت کیلئے

(1)۔ افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور / یا وہ شخص جسکی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور رجسٹریشن کی تفصیلات قوائد وضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی جاتی ہیں۔ وہ میٹنگ کے وقت اپنا اصل شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی توثیق کرے گا۔

(2)۔ کارپوریٹ ہستی کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی ہمراہ نامینی کے دستخط نمونہ اجلاس کے وقت فراہم کرنا ہونگے (اگر پہلے فراہم نہیں کئے)۔

پراکسی تقرری کیلئے۔

(1)۔ افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور / یا وہ شخص جسکی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور اکی رجسٹریشن کی تفصیلات قوائد وضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی جاتی ہیں۔ مندرجہ بالا ضرورت کے مطابق پراکسی فارم جمع کروائیں۔ (2)۔ پراکسی فارم پر دو افراد کے نام، پتہ اور CNIC نمبر بطور گواہ پیش کریں۔

(3)۔ شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپیاں یا Beneficial اونر اور پراکسی کے پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپی ہمراہ پراکسی فارم پیش کریں۔

(4)۔ پراکسی اجلاس کے وقت اصل شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ بھی پیش کرسکتا ہے۔

(5)۔ کارپوریٹ ہستی کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی ہمراہ نامینی کے دستخط نمونہ اجلاس کے وقت فراہم کرنا ہونگے (اگر پہلے فراہم نہیں کئے)۔

الیکٹرانک طریقے سے منافع کی ادائیگی۔

کمپنیز ایکٹ 2017 سیکشن 242 کی شق کے مطابق منافع کی نقد ادائیگی الیکٹرانک موڈ کے ذریعے حقدار حصص یافتگان کو متعین کردہ بنک اکاؤنٹ میں ادا کی جائیگی اس کے پیش نظر حصص یافتگان سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ (1) بنک اکاؤنٹ کا عنوان (2) بنک اکاؤنٹ نمبر (3) IBAN (4) بنک کا نام (5) برانچ کا نام کوڈ اور پتہ (6) سیل نمبر اور (7) لینڈ لائن نمبر (اگر ہے) تو کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو اگر شیئرز Physical فورم میں موجود ہیں یا حصص اگر کتابی اندراج فورم میں رکھے ہوئے ہیں تو متعلقہ شریک / سرمایہ کار اکاؤنٹ سروسز کے پاس اندراج کروائیں بصورت دیگر متعلقہ ممبر کو ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روک دی جائیگی۔